# بورڈز آف ڈائریکٹرز



## ڈاکٹر غیث رشد فرعون (مرحوم)

**بانی چیئر مین (اٹک گروپ)**

ڈاکٹر غیث رَشد فرعون (مرحوم) اٹک گروپ کے بانی چیئر مین ایک بین الاقوامی سرمایہ کار اور صنعت کار تھے۔ انھیں پاکستان میں مالیاتی اور تجارتی اُمور کے علاوہ دنیا کے دیگر ممالک میں پیٹرولیم، پاور جنریشن، کیمیکل، رئیل اسٹیٹ اور سیمنٹ کے شعبوں میں دلچسپی تھی۔ وہ ایک صاحبِ بصیرت، عظیم رہنما، کامیابی حاصل کرنے کیلئے انتھک محنت کرنے والے اور سب سے بڑھ کر غیر معمولی اور ہمدرد انسان تھے۔ وہ پاکستان کے ایک سچے دوست تھے اور اُنھوں نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مختلف منصوبے شروع کر کے پاکستان کی معاشی ترقی میں زبردست کردار ادا کیا۔ یہ اُن کی غیر معمولی قیادت تھی جس کی وجہ سے اٹک گروپ کا شمار پاکستان کے بڑے کامیاب غیر ملکی کاروباری اِداروں میں کیا جاتا ہے۔



## جناب لیث جی فرعون

**نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر (چیئر مین اٹک گروپ آف کمپنیز)**

ایک ایسی کاروباری شخصیت اور بین الاقوامی سرمایہ کار ہیں جنہیں پاکستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں پیٹرولیم، پاور جنریشن، کیمیکل، رئیل اسٹیٹ اور سیمنٹ وغیرہ کے شعبوں میں مالیاتی اور تجارتی اُمور میں دلچسپی ہے۔ جناب لیث نے یونیورسٹی آف سدرن کیلیفورنیا (California) سے گریجویٹ ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔ وہ گروپ کی بیشتر کمپنیوں کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔



## جناب وائل جی فرعون

**نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر**

ایک ایسی کاروباری شخصیت اور بین الاقوامی سرمایہ کار ہیں جنہیں پاکستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں پیٹرولیم، پاور جنریشن، کیمیکل، رئیل اسٹیٹ اور سیمنٹ وغیرہ کے شعبوں میں مالیاتی اور تجارتی اُمور میں دلچسپی ہے۔ جناب وائل نے گریجویٹ ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔ وہ گروپ کی بیشتر کمپنیوں کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔



## جناب شعیب اے ملک

**چیئرمین / نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر**

جناب شعیب اے ملک چار دہائیوں سے زائد عرصے سے اٹک گروپ آف کمپنیز کے ساتھ منسلک ہیں۔ جو مُلک کے سب سے بڑے گروپوں میں سے ایک ایسا گروپ جس کے تیل اور گیس، پاور جنریشن، سیمنٹ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، قابلِ تجدید توانائی، طبی خدمات اور رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ وغیرہ جیسے شعبوں میں وسیع تر مفادات ہیں۔ اُنھوں نے مختلف ادوار میں گروپ کی مختلف کمپنیوں کے آپریشنز اور دیگر معاملات کی نگرانی کی خدمات سرانجام دی ہیں۔ وہ یکم ستمبر ۱۹۹۵ کو گروپ ہولڈنگ کمپنی "دی اٹک آئل کمپنی لمیٹڈ" کے سب سے کم عمر چیف ایگزیکٹو بنے۔ اپنی محنت، لگن، کاروباری ذہانت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ بالآخر وہ جولائی ۲۰۰۶ میں "اٹک گروپ آف کمپنیز" کے اعلیٰ ترین انتظامی عہدے گروپ چیف ایگزیکٹو پر فائز ہوئے۔ اِن کے پاس پیٹرولیم کے کاروبار میں دریافت و پیداوار، ترسیل اور فروخت کے مختلف پہلوؤں کا جامع تجربہ اور تفصیلی علم ہے یہ اُن کی دُور اندیش قیادت کا نتیجہ تھا کہ اٹک گروپ نے مختلف تجارتی اور صنعتی شعبوں میں دن دُگنی اور رات چُگنی ترقی کی۔ اٹک گروپ آف کمپنیز کے گروپ چیف ایگزیکٹو کے عہدے پر فائز ہونے کے علاوہ وہ فی الوقت پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو، اٹک ریفائنری لمیٹڈ اور نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کے چیئرمین اور دی اٹک آئل کمپنی لمیٹڈ اور اٹک پٹرولیم لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر خدمات بھی انجام دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ گروپ کی تمام کمپنیز کے بورڈ پر ڈائریکٹر بھی ہیں جس میں لسٹڈ اور اَن لسٹڈ پبلک / پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیز شامل ہیں۔ ان کی شاندار اور دور اندیش قیادت کے اعتراف میں جناب شعیب اے ملک کو حکومت پاکستان نے ستارہ امتیاز سے نوازا ہے۔



## جناب عبد الستار

**نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر**

جناب عبدالستار کے پاس مختلف حکومتی اداروں / وزارتوں اور تجارتی اداروں میں اہم عہدوں پر مالیاتی نظم و نسق کے اُمور کا تقریباً ۳۶ سال کا تجربہ ہے۔ اس کے دوران ان کے پیشِ نظر مختلف اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کرنا، صارفین کے مفاد کی نگرانی کرنا، حکومتی رعایتوں میں کمی کرنا، سرکاری آمدنی میں اضافہ کرنا، غیر ضروری اخراجات کا تدارک کرنا اور گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین کرنا رہا ہے۔ وزارتِ پیٹرولیم اور قدرتی وسائل حکومت پاکستان کے لیے مالیاتی مشیر کے طور پر خدمات سرانجام دینے کے بعد وہ ماڑی (Mari) گیس کمپنی لمیٹڈ میں تقریباً ۸ سال مالیاتی مشیر بشمول ۲ سال بطور ڈائریکٹر رہے۔ وزارتِ پیٹرولیم میں مالیاتی مشیر کے طور پر کام کرنے کے ساتھ ساتھ وہ حکومتِ پاکستان کی طرف سے نامزد ڈائریکٹر کے طور پر او جی ڈی سی ایل، پی پی ایل، سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ، سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ، پی ایس او، پارکو، اے آر ایل، پی او ایل، این آر ایل اور پی ایم ڈی سی وغیرہ میں ۷ سال تک خدمات سر انجا دیتے رہے ہیں۔ وہ انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے پی) کے فیلو (Fellow) ممبر ہیں اور انہیں اس کے کونسل ممبر کے طور پر تین سال کے لئے (جنوری ۲۰۰۰ سے دسمبر ۲۰۰۲ تک) حکومتِ پاکستان کی طرف سے نامزد کیا گیا تھا۔ اُنھوں نے پاکستان اور بیرونِ ملک بین الاقوامی ساکھ کے حامل اداروں میں مالیاتی نظم و نسق کے متعدد کورسز، پروگرامز اور ٹریننگز میں شرکت کی ہوئی ہے۔ فی الوقت وہ پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ، اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ، اٹک پیٹرولیم لمیٹڈ اور نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کے بورڈ پر ہیں اور متعدد معروف یونیورسٹیوں اور پیشہ ورانہ اداروں کے وزٹنگ فیکلٹی ممبر ہیں۔



## جناب شمیم احمد خان

**خود مختار ڈائریکٹر**

پاکستان کی سول سروس میں شمولیت کے بعد جناب شمیم احمد خان نے وزارتِ خزانہ اور وزارتِ کامرس میں سینئر عہدوں پر اپنی خدمات سرانجام دیں۔ خصوصاً وہ بطورِ سیکرٹری وزارتِ کامرس ریٹائرڈ ہوئے۔ وہ دس سال کے لئے کارپوریٹ لاء اتھارٹی کی جو کارپوریٹ سیکٹر کی ریگولیٹری باڈی ہے میں بطورِ ممبر اور بعد ازاں چیئرمین کام کرتے رہے۔ اِنھوں نے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی تشکیلِ نو کی اور اس کے بطور پہلے چیئرمین کام کیا۔ ایس ای سی پی کو ۲۰۰۰ میں چھوڑنے کے بعد وہ بہت سی لِسٹڈ کمپنیز میں بطورِ خود مختار / نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ فی الوقت وہ آئی جے آئی ہولڈنگز لمیٹڈ، پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ، اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ میں نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں۔ اس کے علاوہ آئی جے آئی لائف انشورنس اور آئی جے آئی جنرل انشورنس کے چیئرمین بھی ہیں۔ اس سے پہلے وہ پیکیجز، ایبٹ لیبارٹریز پاکستان اور اے بی این ایمرو / رائیل بینک آف سکاٹ لینڈ، لِنڈے پاکستان اور پاکستان ری انشورنس کمپنی کے بورڈز پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ وہ غیر منافع بخش سیکٹر کے ساتھ بھی وابستہ رہے ہیں۔ وہ ٦ سال تک سرٹیفیکیشن پینل، پاکستان سینٹر فار فیلنتھراپی (PCP) میں بطور ممبر / چیئرمین خدمات سرانجام دے چکے ہیں اور فی الحال وہ ایس ڈی پی آئی کے بورڈ آف گورنرز کے ممبر اور کرنداز کے ڈائریکٹر ہیں جو ڈی ایف آئی ڈی کی سپانسر غیر منافع بخش کمپنی ہے۔ خان صاحب نے ایشائی ترقیاتی بینک، عالمی بینک ڈی ایف آئی ڈی کی طرف سے بہت سی مشاورتی اسائنمنٹس پر کام کیا ہوا ہے۔



## جناب طارق اقبال خان

**خود مختار ڈائریکٹر**

جناب طارق اقبال خان ۴۰ سال کا وسیع تجربہ رکھنے کے ساتھ ساتھ انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے فیلو ممبر بھی ہیں۔ اُنھوں نے اسلام آباد سٹاک ایکسچینج کے قیام میں بنیادی کردار ادا کیا بعد ازاں وہ اسلام آباد سٹاک ایکسچینج کے صدر بھی رہے۔ اُنھوں نے سنٹرل بورڈ آف ریونیو (CBR) میں بحیثیت ممبر ٹیکس پالیسی اینڈ کوآرڈینیشن خدمات سرانجام دیں اس کے بعد وہ کمشنر ایس ای سی پی (SECP) بھی رہے جہاں اُنھوں نے ایس ای سی پی کی تنظیمِ نو میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ آڈٹ اوور سائٹ بورڈ کے چیرمین کے عہدہ پر بھی فائز رہے اور اُنھوں نے مختصر مدت کے لئے چیرمین ایس ای سی پی (قائم مقام) کا چارج بھی سنبھالا۔ انہوں نے قومی سطح کی ممتاز کمیٹیوں میں خدمات انجام دیں جیسے کہ کمیٹی برائے فارمولیشن آف ٹیک اوور لاء، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس ۱۹۶۹ کے جائزہ کے لیے سی ایل اے کمیٹی، سی ڈی سی قانون اور ضوابط کی تشکیل کے لیے کمیٹی اور اسٹاک مارکیٹ کی بحالی کے لیے وزیر اعظم کی کمیٹی۔ وہ ۸ برس سے زائد این آئی ٹی (NIT) کے چیرمین اور ایم ڈی رہے جس نے سرمایہ کاری کے لئے مارکیٹوں کے قیام، استحکام اور ان کے لئے موثر نظام کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ مزید بر آں اس دوران تقریباً ۵ برس تک وہ آئی سی پی (ICP) کے چیرمین اور ایم ڈی کی حیثیت سے بھی کام کرتے رہے۔ وہ بہت سی نمایاں کمپنیوں سی ڈی سی، فیصل بینک لمیٹڈ، بینک الحبیب لمیٹڈ، جی ایس کے، آئی سی آئی، سیمنز اور پیکیجز لمیٹڈ وغیرہ کے بورڈ پر ممبر بھی رہے ہیں۔ وہ اٹک ریفائنری لمیٹڈ، سوئی نادرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ، کے پی انرجی بورڈ اور کے پی او جی سی ایل کے چیرمین بھی رہے۔ فی الوقت وہ پیکیجز لمیٹڈ، سلِک بنک لمیٹڈ اور اِنٹر لُوپ لمیٹڈ کے بورڈز کے بھی ممبر ہیں۔ فی الوقت وہ پیکیجز کنورٹرز لمیٹڈ کے چیئرمین کے طور پر بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔



## جناب محمد ہارون

**خود مختار ڈائریکٹر**

جناب محمد ہارون اپنے ساتھ دو انتہائی اہم اور متحرک صنعتوں یعنی تیل اور ٹیلی مواصلات میں ڈھائی دہائیوں سے زیادہ کا متنوع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر ہیں اور ان کے کارپوریٹ تجربے میں بورڈ کی سطح پر نجی اور پبلک سیکٹر لسٹڈ کمپنیوں دونوں میں خدمات کی سرانجام دہی شامل ہے۔ اس وقت وہ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ (اٹک آئل گروپ آف کمپنیز) کے بورڈ میں خود مختار ڈائریکٹر کی حیثیت سے مسلسل دوسری مدت کے لیے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (۲۰۲۰ تا ۲۰۲۳) کے بورڈ پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اس سے قبل ان کی "اٹک آئل گروپ" کے ساتھ طویل وابستگی تھی، جو ایک مکمل طور پر مربوط گروپ آف کمپنیز ہے جو تیل اور گیس کی صنعت کے تمام شعبوں کا احاطہ کرتا ہے جس میں پیٹرولیم مصنوعات کی تلاش، پیداوار اور تیل کو نتھارنے سے لے کر تیل کی وسیع مصنوعات کی فروخت شامل ہے۔ یہ گروپ ۱۶۵ میگاواٹ (مجموعی صلاحیت) کے پاور پلانٹ اور ایک اعلیٰ سیمنٹ کے کارخانے کا بھی مالک ہے۔ وہ تیل کی صنعت میں خام تیل کو نتھارنے اور اس کی فروخت کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ انہیں اس ٹیم کے بنیادی ارکان میں سے ایک ہونے کا اعزاز حاصل ہے جس نے "اٹک پٹرولیم لمیٹڈ" قائم کی، جو اس وقت پاکستان میں سب سے بڑی اور بہترین کارکردگی دکھانے والی تیل کی فروخت کرنے والی کمپنیوں میں سے ایک ہے۔ ہارون صاحب پاکستان میں کئی ٹیلی کام کمپنیوں کے لئے تشہیر اور صارفین کی دیکھ بھال و خدمت سے متعلق متعدد اقدامات میں بھی شامل تھے۔ اپنے پیشہ ورانہ کام کے عرصے کے دوران انہوں نے ریٹیل نیٹ ورک (ترقی / فروخت)، انسانی وسائل، انتظامیہ، کاروبار کی ترقی و توسیع، صارفین کی دیکھ بھال و خدمت اور مشترکہ منصوبوں جیسے معاملات میں وسیع تجربہ حاصل کیا۔ انھوں نے کٹھن، متنوع، کثیر الثقافتی ماحول میں کام کر کے دفتری ماحول اور علاقائی سیٹ اپ کا اعلیٰ سطح پر کافی حد تک نمایاں تجربہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز کیا ہے اور پاکستان اور بیرون ملک مینجمنٹ کورسز میں شرکت کی ہے۔



## آغا شیر شاہ

**مسٹر لیث جی فرعون کے متبادل ڈائریکٹر**

آغا شیر شاہ اس وقت بندہی شوگر ملز کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مذکورہ ادارہ ایک گرین فیلڈ شوگر مل ہے جس کی یومیہ پیداواری استعداد ۷،۰۰۰ ٹن ہے اور جسے انہوں نے ۲۰۱۲ میں کامیابی کے ساتھ قائم کیا۔ پینتیس سال سے زائد کے وسیع پیشہ ورانہ تجربے کے دوران وہ ریاستہائے متحدہ امریکہ اور بین الاقوامی ایکویٹیز میں اعلیٰ سطحی پورٹ فولیو کی انتظامی ذمہ داریوں پر فائز رہے۔

اپنے موجودہ منصب سے قبل وہ ابوظہبی انوسٹمنٹ اتھارٹی میں ایک اربوں ڈالر مالیت کے سرمایہ کاری پورٹ فولیو میں سینئر پورٹ فولیو مینیجر رہے جو دنیا کے نمایاں خود مختار دولت کے فنڈز میں شمار ہوتا ہے۔


انہوں نے رائیس یونیورسٹی سے بیچلر آف سائنس (انجینئرنگ) جبکہ کارنیل یونیورسٹی سے ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے) کی سند حاصل کی۔ فی الوقت وہ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔



## جناب بابر بشیر نواز

### مسٹر وائل جی فرعون کے متبادل ڈائریکٹر

جناب بابر بشیر نواز کا اٹک گروپ آف کمپنیز کے ساتھ ۴۰ سال سے زائد عرصہ کا شاندار کیریئر ہے۔ اس عرصے کے دوران وہ ۲۰۰۲ میں اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر تعینات ہونے سے قبل فنانس، مارکیٹنگ، ہیومن ریسورس اور جنرل مینجمنٹ میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ جناب بابر بشیر صاحب نے قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد سے بزنس ایڈمنسٹریشن میں پوسٹ گریجویٹ ڈگری حاصل کی۔ فی الحال وہ پاکستان میں اٹک گروپ کی تمام لِسٹڈ کمپنیوں کے بورڈز میں بطور ڈائریکٹر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ایک تجربہ کار پیشہ ور ہونے کے ناطے اُنھوں نے بزنس مینجمنٹ کے حوالے سے پاکستان اور بیرون ملک مختلف کورسز، ورکشاپس اور سیمینارز میں شرکت کی ہے اور پاکستان میں سیمنٹ انڈسٹری کے بارے میں بہت زیادہ معلومات رکھتے ہیں۔ فی الحال وہ آل پاکستان سیمنٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (اے پی سی ایم اے) کے وائس چیئرمین ہیں۔



## جناب ایم عادل خٹک

### چیف ایگزیکٹو آفیسر

جناب عادل خٹک ۲۰۰۵ سے اٹک ریفائنری لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیں جو گذشتہ ۴۸ برسوں سے دی اٹک آئل گروپ سے وابستہ ہیں۔ خٹک صاحب انجینئرنگ، مینٹیننس، ہیومن ریسورس مینجمنٹ، پراجیکٹ مینجمنٹ اور مارکیٹنگ کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ خٹک صاحب اٹک جین لمیٹڈ، نیشنل کلینر پروڈکشن سینٹر فاونڈیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، اٹک سہارا فاؤنڈیشن کے صدر، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (OCAC) کے چیئرمین، اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (OICCI) کی انتظامی کمیٹی کے ممبر اور توانائی کی ذیلی کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں۔ وہ اٹک پٹرولیم لمیٹڈ، اٹک ہسپتال (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پٹرولیم انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان (PIP)، لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS)، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (GIKI)، سسٹینیبل ڈیویلپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ (SDPI) کے بورڈز پر بھی ہیں اور نسٹ (NUST) کی کارپوریٹ ایڈوائزری کونسل (CAC) کے مشترکہ صدر بھی ہیں۔ جناب خٹک نے ٹیکساس ٹیک یونیورسٹی، امریکہ سے انجینئرنگ میں ماسٹر کی ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔